پنجاب بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن A-21 کشمیر بلاک علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور

فون نمبر: 042-99260265, 042-99260273, 042-99260270, 042-99260272, 042-99260209, 042-99260266

ای میل ایڈریس: coe.pbte@yahoo.com ویب سائٹ: www.pbte.edu.pk

ضروری ھدایات برائے گولڈن چانس امیدواران

☆ بورڈ نوٹیفیکیشن نمبر: پی بی ٹی ای/آر اینڈ ڈی/ 2020 / 92 مورخہ: 2020-03-03 کے تحت پنجاب بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن، لاہور نے ڈپلومہ آف ایسوسی ایٹ انجینئر (DAE) کے سال 2006 اور اسکے بعد رجسٹرڈ ہونے والے امیدواران جو 12 چانسز میں تمام مضامین پاس نہ کرسکے ہیں اور ان کی رجسٹریشن منسوخ ہو چکی ہے۔ ایسے تمام امیدواران کو تین گولڈن چانسز دیئے گئے ہیں۔

☆ سال 2006 سے سال 2012 تک کے رجسٹرڈ امیدواران کو پہلا سالانہ 2020، دوسرا سالانہ 2020 اور پہلا سالانہ 2021 کیلئے گولڈن چانسز دے دیئے گئے ہیں سال 2013 اور اسکے بعد رجسٹرڈ ہونے والے امیدواران جو کہ اسیسمنٹ اینڈ پروموشن رولز کے تحت 12 چانسز میں ڈپلومہ آف ایسوسی ایٹ انجینئر کے تمام مضامین پاس نہ کرسکے ہیں اور ان کی رجسٹریشن بھی منسوخ ہو چکی ہے۔ ان امیدواران کو بھی مزید تین گولڈن چانسز سپیشل امتحانی فیس مبلغ -/8000 روپے کے ساتھ دے دیئے ہیں۔ یعنی مذکورہ امیدواران کو پہلا سالانہ 2020، دوسرا سالانہ 2020 اور پہلا سالانہ 2021 کیلئے گولڈن چانس کے تحت امتحان دینے کیلئے اہل قرار دیا گیا ہے۔

☆ یہ رعایت نہ صرف 2006 تا 2013 کے نو چانس ہونے والے امیدواران کیلئے ہے بلکہ آئندہ نو چانس ہونے والے امیدواران کو بھی اسی طرح تین مسلسل گولڈن چانسز فراہم کئے جائیں گے۔

☆ گولڈن چانس کے تحت امتحان میں شامل ہونے والے امیدواران کو اس امر کی بھی اطلاع دی جاتی ہے کہ ان کا امتحان موجودہ سکیم آف سٹڈیز کے نئے Pattern پر تیار ہونے والے سوالیہ پرچہ جات کے مطابق ہوگا۔ موجودہ سکیم آف سٹڈیز سے مراد 2006 اور اسکے بعد لاگو ہونے والی سکیم آف سٹڈیز ہیں۔

☆ جو امیدواران مسلسل تین گولڈن چانسز حاصل کرنے کے باوجود ڈپلومہ آف ایسوسی ایٹ انجینئر کے تمام مضامین پاس نہ کرسکیں گے ان امیدواران کی رجسٹریشن منسوخ کردی جائیگی۔

☆ گولڈن چانس کے تحت امتحان میں شامل ہونے کیلئے بورڈ کی ویب سائٹ پر موجود داخلہ فارم مینول پُر کرکے اپنے ادارہ کے پرنسپل کی وساطت سے دفتر بورڈ کو ارسال کریں۔